تیسری سہ ماہی	جماعت: چہارم	مضمون: معاشرتی علوم	سبقی منصوبہ بندی 1
اُستاد کا نام: ________	ہفتہ: 8	تاریخ: ________	وقت: 40منٹ

باب ششم: معاشیات	سبق کا نام: معاشیات

مقاصد:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- اشیا اور خدمات کی تعریف اور کچھ مثالیں بیان کر سکیں۔
- پیدا کنندہ اور صارف میں فرق کر سکیں اور ان کا ایک دوسرے پر انحصار بیان کر سکیں۔

تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب

تحریکی سرگرمی: 5منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

- ہماری زندگی میں بچت کی کیا اہمیت ہے؟
- ضرورت اور آسائش میں کیا فرق ہے؟

ان سے جوابات لیں اور حوصلہ افزائی کریں۔

تدریسی طریقہ کار: 25منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 90 سے متن کی پڑھائی کرائیں۔
- انھیں بتائیں وہ چیزیں جنھیں ہم چھو سکتے ہیں، فروخت کر سکتے ہیں اشیا کہلاتی ہیں۔ مثلاً پھل سبزیاں، فرنیچر وغیرہ۔
- متن کی مدد سے خدمات کی تعریف بتائیں جب کوئی شخص اپنی صلاحیتوں کا استعمال کر کے دوسرے انسانوں کی مدد کرتا ہے اور بدلے میں کچھ معاوضہ لیتا ہے وہ خدمات کہلاتی ہیں۔ مثلاً ڈاکٹر مریض کا علاج کرتا ہے۔ انجینئر سڑکیں تعمیر کرواتا ہے وغیرہ۔
- طلبہ کو صارف اور پیدا کنندہ میں فرق بتائیں ایسا شخص جو چیزیں پیدا کرے یا بنائے پیدا کنندہ کہلاتا ہے۔ جبکہ اشیا و خدمات کو خریدنے اور استعمال کرنے والا صارف کہلاتا ہے۔
- انھیں بتائیں پیدا کنندہ اور صارف کا آپس میں گہرا تعلق ہوتا ہے۔ ان دونوں کا ایک دوسرے پر انحصار ایک فطری عمل ہے۔ دونوں کے بغیر مارکیٹ یا منڈی نہیں چل سکتی۔

اعادہ 3منٹ

پڑھائے گئے سبق کے تصور کو مختصراً گروائیں۔

جائزہ: **5منٹ**

مشق جزو(I) کا سوال (V) طلبہ سے سنیں۔

گھر کا کام: **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

تیسری سہ ماہی	جماعت: چہارم	مضمون: معاشرتی علوم	سبقی منصوبہ بندی2
اُستاد کا نام:________	ہفتہ:8	تاریخ:________	وقت:40منٹ

باب ششم: معاشیات	سبق کا نام: معاشیات

مقاصد:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- افراطِ زر کی تعریف کر سکیں اور بتا سکیں کہ لوگوں کی قوت خرید پر یہ عوامل کس طرح اثر انداز ہوتا ہے؟

تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب، ورک شیٹ

تحریکی سر گرمی: 5منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

- اشیا سے کیا مراد ہے؟
- پیدا کنندہ اور صارف میں فرق بتائیں۔
- خدمات کتنی اقسام کی ہوتی ہیں؟

ان سے جوابات لیں اور حوصلہ افزائی کریں۔

تدریسی طریقہ کار: 25منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 91 سے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- انھیں بتائیں کسی ملک میں موجود اشیا کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ افراطِ زر کہلاتا ہے۔
- طلبہ کو آسان الفاظ میں سمجھائیں بعض اوقات ہم کہتے ہیں کہ مہنگائی میں اضافہ ہو گیا ہے۔ سبزیوں، پھلوں اور گوشت کی قیمتیں بڑھ گئی ہیں اس کی ایک وجہ طلب کے مقابلے میں اشیا کی رسد کا کم ہوتا ہے۔
- چیزوں کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ مہنگائی کی شکل میں سامنے آتا ہے۔ جو چیز آج سے چند سال پہلے 10 روپے کی تھی اب وہ 100 روپے کی ہو چکی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ کرنسی کی قدر میں کمی ہوئی ہے۔ جس کے نتیجے میں لوگوں کو مہنگائی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔
- طلبہ کو بتائیں افراطِ زر سے کسی بھی ملک کی معیشت پر منفی اثرات پڑتے ہیں جس سے ملک کی ترقی کی رفتار کم ہو جاتی ہے۔

اعادہ 3منٹ

پڑھائے گئے تصور کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

جائزہ: 5منٹ

مشق جزو2 کا سوال (i) طلبہ سے زبانی سنیں۔

گھر کا کام: 2منٹ

ورک شیٹ حل کریں۔

ورک شیٹ (ہوم ورک)

سوال نمبر1: دی ہوئی تصویر کو غور سے دیکھتے ہوئے سوالات کے جواب لکھیں۔

احمد کو سبزیاں کھانا پسند ہے۔
احمد اور اُس کی والدہ سبزیاں خریدنے گئے۔
دُکاندار سبزیاں بیچ رہا ہے۔

(i) کون خدمت کر رہا ہے؟ ________________

(ii) صارف کون ہے؟ ________________

(iii) دکان پر کون سی اشیا بک رہی ہیں؟ ________________

(iv) سبزیاں بیچنے والا کیا کہلائے گا؟ ________________

(v) سبزیاں خریدنے والا کیا کہلائے گا؟ ________________

تیسری سہ ماہی	جماعت: چہارم	مضمون: معاشرتی علوم	سبقی منصوبہ بندی 3
اُستاد کا نام:________	ہفتہ: 8	تاریخ:________	وقت: 40 منٹ

باب ششم: معاشیات	سبق کا نام: معاشیات

مقاصد:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- تجارت اور کاروبار کی تعریف کر سکیں۔

تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب

تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے گزشتہ سبق کے اعادے کے لیے پوچھیں:

- افراطِ زر سے کیا مراد ہے؟
- قیمتوں میں اضافے کی بنیادی وجوہات بتائیں۔

تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 91 سے متن کی پڑھائی کرائیں۔
- طلبہ کو بتائیں اشیا کی خرید و فروخت تجارت کہلاتی ہے۔ کسی بھی ملک کی معیشت کا انحصار تجارت پر ہوتا ہے۔
- طلبہ کو فلو چارٹ کی مدد سے تجارت کی قیمتیں بتائیں۔
- انھیں بتائیں کوئی بھی ملک مکمل طور پر خود کفیل نہیں ہوتا۔ اشیا کی لین دین کے لیے ہر ملک کو دوسرے ممالک پر انحصار کرنا پڑتا ہے۔
- انھیں بتائیں اشیا کی یہ تجارت درآمدات اور برآمدات کے ذریعے ہوتی ہے۔ اگر درآمدات اور برآمدات بڑھ جائیں تو وہ ملک معاش طور پر مضبوط ہو جاتا ہے۔

اعادہ 3 منٹ

پڑھائے گئے تصور کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

جائزہ: 5 منٹ

متن کے حوالے سے سوالات کریں۔

گھر کا کام: **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔